گوشہ تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : آپ فرما دیجئے

مولف/مصنف کا نام: ڈاکٹر اطہر محمد اشرف

ناشر: سندس انٹر پرائزز۔ کراچی رابطہ کا پتہ: B-268 بلاک 1۔ ماریہ، اپارٹمنٹ ناگن چورنگی نارتھ کراچی،

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں، صفحات ۳۲۰

ڈاکٹر اطہر محمد اشرف صاحب قرآنی خدمات کے حوالہ سے کراچی کی معروف شخصیت ہیں، آپ نے ایک ادارہ ''ہدی للناس'' کے نام سے قائم کیا جس کا مرکزی آفس ناگن چورنگی پر ہے، ڈاکٹر صاحب نے اب تک پندرہ بیس کتب قرآن کے حوالہ سے شائع کی ہیں اور تقریباً تمام کتابیں اصحاب ثروت کے تعاون سے مفت تقسیم فرمائی ہیں۔

آپ کی مساعی کا محور یہ رہا ہے کہ لوگوں میں فہم قرآن کو مختلف زاویوں سے رواج دیا جائے، اس لئے کہ فہم ذریعہ عمل ہے، اسی کے ساتھ مختلف گوٹھ ودیہات میں جا کر دین کی خدمت کرتے ہیں، غرباء کی کفالت کے لئے اسباب ذرائع معاش مہیا فرماتے ہیں، مجھے آج سے تقریباً دس سال قبل موصوف سے تعارف حاصل ہوا جب میں خالد اسحٰق ایڈوکیٹ لائبریری کا انچارج ہوا کرتا تھا، موصوف قرآنی احکامات پر مشتمل پانچ سات کتابچے، لائبریری لے کر آئے تھے، ۳۰ر اکتوبر ۲۰۰۸ء کو منعقدہ صوبائی سیرت النبی کانفرنس کے موقع پر موصوف نے چند کتب عنایت کیں، جس میں سے ایک کتاب پیش نظر ہے، اس کتاب میں ایسی قرآنی آیات کو جمع کیا گیا ہے، جن میں کسی بات کا حکم دیا گیا ہے حکم کی مختلف صورتیں ہیں کسی جگہ آپ ﷺ کے ذریعہ حکم دیا گیا ہے، قل (کہہ دیجئے) کسی جگہ خاص مسلمانوں کو یا ایھا الذین آمنوا (اے ایمان والو!) کہہ کر